تعلیم مذہب کا پچاسواں نمبر ۵۰

یعنی

انیس المتہجد
و
رفیق المتعبد

جسمیں نماز شب کا مفصل بیان ہے

مولفہ جناب ممتاز الافاضل مولوی سید محمد ہارون صاحب قبلہ
صدر الافاضل زنگی پوری ادام فیضہم مع ترجمہ حسب فرمایش جناب نواب
علی جواد خان صاحب و شاہزادہ مرزا منعم بخت صاحب دنج خیفہ کر

باہتمام محمد عبد الرحمن سلمہ اللہ السبحان مالک مطبع
نظامی پریس لکھنؤ سے چھپکے شائع ہوا

دعا ہی وہ چیز ہی جس سے رابطہ عبد و معبود ظاہر ہوتا ہے مبارک ہین وہ بندے جو اپنے معبود سے راز و نیاز کے موقع ڈھونڈکر اُس کی محبوب زبان مین بلکہ اسکی محبوب زبانون سے عرض مدعا کرتے ہین لیکن ایسی بارگاہ مین انسان کو سمجھکر بات کرنا چاہیے اس وجہ سے ضرورت ہے کہ دعا کرنے والا مضمون دعا پر مطلع ہو کر دعا کرے اور جانے کہ اپنے مالک سے کس چیز کا متمنی وطلبگار ہے اسی خیال سے مزاولین نماز شب کا اصرار ہوا کہ جناب مولانا محمد ہارون صاحب قبلہ مرحوم کا رسالہ انیس المتہجد ورفیق المتعبد ترجمہ ادعیہ کے ساتھ شائع ہو تو بہتر ہے اور بانی طبع اول جناب نواب علی جواد خانصاحب دام حشمتہ کے ساتھ جناب شاہزادہ مرزا منعم بخت بہادر جج خفیفہ لکھنؤ جو سالہاسال سے نماز شب کے ملتزم ہین اُنکی فرمائش نے مجبور کیا کہ تمام ادعیہ مندرجہ رسالہ کا ترجمہ کردیا جائے الحمدللہ کہ یہ اڈیشن ان حضرات کی مرضی کے موافق شائع ہوتا ہے خدا جملہ مومنین اور مجھ سراپا عصیان کو نماز شب کی مداومت کی توفیق دے آمین رب العالمین۔

احمد حسن لکھنوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا حبیب قلوب العابدین، ویا انیس خلوات المتہجدین، ویا مروح ارواح الذاکرین، لک الحمد حمد الشاکرین، وعلیک الثناء ثناء الموحدین، سبحانک اللہم وبحمدک تقدست اسماؤک وجلت نعماؤک، ولا الٰہ غیرک، ایاک نعبد وایاک نستعین، ونصلی علی خیرتک من خلقک محمد واہلبیتہ الطیبین الطاہرین،

اما بعد فلا یخفی کہ عمدہ ترین اعمال و عبادات نماز ہے کیونکہ اسکے ذریعہ سے انسان اپنے معبود برحق سے بلا واسطہ باتیں کرلیتا ہے

اور اُس سے مناجات کا شرف حاصل کرتا ہے اسکی فضیلت کیلیے یہ کیا کم ہے کہ جسوقت نماز گزار نماز کے لیے کھڑا ہوتا ہے تو تین باتین اُسکے واسطے حاصل ہوتی ہین ۱ یہ کہ ملائکہ اُس کو گھیر لیتے ہین ۲ یہ کہ خدائے تعالےٰ کی رحمت اُس پر آسمان سے نازل ہوتی ہے ۳ ایک فرشتہ ندا دیتا ہے لو یعلم المصلی من یناجی ما انفتل کہ اگر یہ نماز گزار جانتا کہ کس سے مناجات کر رہا ہے تو کبھی نماز سے الگ ہی نہوتا یعنی یہ کہ اگر انسان اپنے اس شرف کو خیال کرے کہ کیسے سلطان مطلق اور ملک الملوک سے گفتگو اور سرگوشی کا اُسے موقع دیا گیا ہے تو ہرگز اُسکا دل نہ چاہے کہ اس عزت کو ہاتھ سے جانے دے یہی وہ عمل ہے کہ اگر ایک بھی قبول ہو جائے تو پھر انسان عذاب سے بری ہی چنانچہ جناب صادق آل محمدؐ سے مروی ہے فرمایا مَن قَبِلَ اللّٰہُ مِنہُ

صلوٰۃً وَّاحِدَۃً لَمْ یُعَذِّبْہُ خدائے تعالیٰ جسکی ایک نماز بھی
قبول کرلیگا تو ہرگز اُسپر عذاب نہ کریگا جس سے صاف ظاہر
ہے کہ اگرچہ اُسکے ذمّہ بہت سے گناہ ہون مگر یہ ایک نمازمقبولہ
اُن سب کا کفارہ ہوجائیگی پھراس سے بڑھکر کونسی عبادت
ہوسکتی ہے۔ اسیوجہ سے شریعت مین اسکے نام بھی نہایت
محترم اور شان دار تجویز کیے گئے ہین مثلاً اَلصّلوٰۃ عِمَادُ الدِّین
مِعْرَاجُ المؤمنین۔ قُرْبَانُ کلّ تقی۔ عَلَمُ الایمان۔ سُنّۃ
الانبیاء۔ رُکْنُ المؤمن۔ زِیْنَۃُ الاسلام۔ مَرْضَاۃُ لِلّٰہ۔
حُبُّ الملائکۃ۔ نُوْرُ المعرفۃ۔ اَصْلُ الایمان وغیرہ تقریبًا
ساٹھ نام ہین جنکی عظمت کو اہل دِل ہی خوب سمجھ سکتے ہین
اہل معرفت جو اسکی قدر جانتے تھے اور جانتے ہین اُنکے دلونسے
اسکی لذت کو پوچھیے وہ آپ کو بتائین گے کہ اس مین کیسا

معراج انبیا کا ذائقہ اُن کو ملتا ہے۔ اور کیون وہ اُس کے جان و دل سے شیدا ہین۔

یون تو سب ہی نمازین معراج کا مرتبہ رکھتی ہین مگر ظاہر ہی کہ جس نماز مین زیادہ حضور قلب حاصل ہوگا اس کا مرتبہ اورون سے زیادہ ہوگا۔

اور یہ بھی ظاہر ہے کہ سب سے زیادہ حضور کا وقت وہ ہوسکتا ہے جبکہ عالم مین سناٹا چھایا ہو۔ شور و شغب کی آوازین بند ہون۔ خلائق کی آنکھین خواب راحت مین سو رہی ہُون ستارے آسمان پر موتیون کی طرح بکھرے ہون کوئی شخص آس پاس خیال کا بٹانے والا موجود نہو۔ بس یہ نماز گزار ہو اور اُسکا محبوب معبود۔ جس سے عرض حال کے لیے یہ نمازی اُٹھا ہے۔ اور ایسا وقت سواے رات کے اور کوئی نہین

ہو سکتا۔ اسی لحاظ سے عاشقان عبادت اس وقت کو بہت
عزیز رکھتے ہیں کیونکہ اس سے بہتر اپنے محبوب حقیقی سے
تخلیہ کا وقت کوئی نہیں اور اُدھر سے بھی کچھ ایسا ہی
اہتمام معلوم ہوتا ہے چنانچہ جناب امام محمد باقر علیہ
السلام سے مروی ہے کہ یہ وہ وقت ہے جسکی بابت ہمارے
جد رسول اللہ سے مروی ہے کہ اِنَّ لِلّٰہِ تَعَالٰی مُنَادِیًا یُنَادِی
فِی السَّحَرِ هَلْ مِنْ دَاعٍ فَاُجِیْبُهٗ هَلْ مِنْ مُسْتَغْفِرٍ فَاَغْفِرُلَهٗ
خدائے تعالیٰ کا ایک فرشتہ سحر[1] کو ندا کرتا ہے "کیا کوئی دعا
کرنے والا ہے جسکی دعا کو میں قبول کروں کیا کوئی مغفرت چاہنے
والا ہے جسے میں بخشدوں" اللہ اللہ خود ہمارا خالق و مالک
جو ہر طرح ہم سے مستغنی ہے اور ہر طرح ہم اُسکے محتاج

---

[1] سحر سے مراد وہ وقت ہے جو ثلث شب سے لے کر طلوع صبح صادق تک ہوتا
ہے جیسا کہ بعض علما نے اسکی تصریح کی ہے۔

ہین یہ اہتمام فرمائے کہ روزانہ اُس کا ایک فرشتہ ہمین پکارتا ہو اور وہ بھی اس طرح کہ جیسے کوئی صاحب غرض خوشامد کرتا ہو۔ اور جس کے کلام مین بالکل حکومت کی بو نہو۔ آور ہم غافل پڑے سویا کرین اور اسوقت کو غنیمت نہ سمجھین حیف کا مقام ہے۔ اگرچہ اس حیف مین مؤلف رسالہ کا نفس خبیث بھی شریک اور مستحق صد لوم وعذل وعنف ہے مگر بعض کرام سادات وطن کی درخواست سے اس رسالہ کی تالیف کا ارادہ کیا ہے۔ شاید اسی کے ذریعے سے توفیق ایزدی رفیق حال ہو۔ یا جو حضرات اہل ایمان اس تحریر کے مطابق عمل کرکے مستحق ثواب ہوں اُن کے ساتھ مولف اور کاتب کو بھی کچھ حصہ ملجائے اور اَلدَّالُ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِہٖ کا مصداق بنجائے۔ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ

عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ۔

اس رسالہ مین ایک مقدمہ ہے ۔ایک باب ہے ۔اور ایک تمہ ہے ۔مقدمہ مین نماز شب کا ثواب اور اُسکے فضائل کا بیان ہے ۔باب مین طریق نماز شب مع مختصر ادعیہ کے ۔تمہ مین اُن دعاؤن کا ذکر ہے جن سے یہ نماز تکمل ہوتی ہے ۔

مقدمہ فضیلت نمازِ شب مین اس سے زیادہ آتین اور حدثین ہین کہ کوئی اُن کو احصا کرسکے خصوصاً اس مختصر رسالہ مین مگر محض ترغیبا للنفوس چند آتین اور حدثین اس موقع پر نقل کیجاتی ہین ۔ نماز شب کیلیے اُٹھنے والون کی مدح مین پروردگار عالم قرآن مجید مین ارشاد فرماتا ہے ۔كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ۝

(سورۂ ذاریات) جسکا حاصل یہ ہے کہ متقین کو جنت اور چشمے

دیے جائینگے اس لیے کہ وہ راتون مین کم سوتے تھے اور سحر کے وقت مین استغفار کیا کرتے تھے معصوم نے اسکی تفسیر مین فرمایا ہے کہ کانوا یستغفرون فی الوتر فی آخر اللیل سبعین مرۃ یعنی پروردگار عالم نے ان لوگونکی تعریف و مدح اس وجہ سے کی ہے کہ یہ لوگ نماز وتر مین آخر شب کے حصے مین ستر مرتبہ استغفار کرتے تھے۔ دوسرے موقع پر فرماتا ہے۔ تَتَجَافٰی جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ یَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۝ (سورہ لقمان ن ۲۱) جسکا حاصل یہ ہے کہ ہماری آیتون پر ایمان لانے والے وہی لوگ ہین جو راتون مین اپنے بسترون سے اُٹھتے اور خدا سے خوف و رجا کے ساتھ دعا کرتے ہین۔ تفسیر صافی مین اس آیت کی تفسیر معصوم علیہ السلام سے اس طرح نقل کی ہے کہ یہ آیت جناب امیر المومنین علیہ السلام اور

اُن کے تابعین کی مدح مین نازل ہوئی ہے۔ کیونکہ یہ بزرگوار
اول شب مین آرام کرتے تھے جب دو تہائی رات گذر جاتی
تھی یا جسقدر رہی ہو تو پروردگار عالم کی جناب مین حاضر ہونے
کے لیے اپنے تئین فارغ کر لیتے تھے اور اسکی نعمتون کی طرف
رغبت۔ اُس کے عذاب سے خوف اُسکی بخشش کی طمع رکھتے
ہوے مناجات و دعا مین مصروف ہوتے تھے۔ اسی امر کو
پروردگار عالم اپنی کتاب مین خبر کے طور پر بیان کرتا ہے
کہ اسکے معاوضہ مین اُسنے ان لوگون کو اپنی جوار رحمت مین
ساکن کیا۔ اپنی جنت مین داخل کیا۔ خوف سے امن دیا۔
اور اُن کے دلون سے دہشت کو زائل فرمایا۔ یہ حاصل تفسیر ہے
جس سے مقصود یہ ہے کہ ثلث شب مین اٹھکر نماز و دعا مین مشغول
ہونے کا نتیجہ ان لوگون کو یہ حاصل ہوا کہ خداے تعالی نے اپنے

جوارِ رحمت مین جگہ دی۔ خوفِ عذاب سے بچگئے۔ خدائی باغ
مین رہنے کی اجازت پائی۔ اور جو رعب و دہشت بسبب کثرت
معرفت کے انکے دلون پر طاری رہتی تھی اُسے خدائے تعالیٰ نے
اپنی رافت و مرحمت سے زائل فرمادیا"
اے خوشا حال اُس مومن کا جسے یہ چارون صفتین کسی
اپنے ایک مختصر عمل کے ذریعے سے حاصل ہون اَللّٰھُمَّ وَفِّقْنَا
لِقِیَامِ اللَّیْلِ وَاجْعَلْنَا مِنْھُمْ۔"
تیسرے موقع پر فرماتا ہے اَمَّنْ ھُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ اللَّیْلِ
سَاجِدًا وَّقَآئِمًا یَّحْذَرُ الْاٰخِرَۃَ وَیَرْجُوْا رَحْمَۃَ رَبِّہٖ
(سورۂ زمر ع ۲۳) اے ابوالفضیل ساحر کیا تو بہتر ہے جو آتش جہنم
مین جلایا جائیگا یا وہ بہتر ہے جو رات کی ساعتون کو عبادت
وطاعت مین بسر کرتا ہے کبھی سجدے کرتا ہے اور کبھی قیام۔

امور آخرت سے حذر کرتا ہے اور اپنے پالنے والے کی رحمت کا امیدوار ہے"۔ یعنے جو لوگ کافر ہین وہ ہرگز ہمارے ان بندون کی برابری نہین کر سکتے کیونکہ یہ لوگ اپنی نماز شب اور عبادت سحری کے سبب سے ہمارے محبوب ہین۔ پھر ایک موقع پر اپنے حبیب سے مخاطب ہو کر فرماتا ہے۔ وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهِ نَافِلَةً لَكَ عَسَى أَنْ يَبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَحْمُودًا ۝ اے ہمارے رسول تم رات کے وقت تہجد کی نماز پڑھو اور یہ تمہیر[1] فرض زائد ہے قریب ہے کہ اس کی بدولت تمہارا پروردگار تمکو مقام محمود مین پہونچاوے اسی طرح اور بھی آتیین ہین بخوف طول اسی مقدار پر اکتفا کی جاتی ہے۔

[1] نماز شب جناب سرور کائنات علیہ وآلہ الصلوات پر فرض تھی مگر امت محمدیہ پر سنت ہے۔ اور یہ امر مسلمات مین سے ہے ۱۲ منہ

اب احادیث کو ملاحظہ فرمائیے۔ ارشاد القلوب
دیلمی میں مروی ہے عن النبیؐ قال شرف المؤمن
قیامہ باللیل "مومن کا شرف یہی ہے کہ وہ نماز شب
کے لیے اُٹھے۔ پھر فرمایا جسکا حاصل یہ ہے کہ جس روز
تمام اولین و آخرین جمع کیے جائینگے (روز قیامت) تو ایک
منادی جانب پروردگار عالم سے ندا کریگا لیقم الذین
تتجافی جنوبھم عن المضاجع یدعون ربھم
خوفا وطمعا فیقومون وھم قلیل ثم یحاسب
الناس من بعدھم" چاہیے کہ نماز شب کے لیے
اُٹھنے والے اُٹھ کھڑے ہوں جو اپنے پروردگار کو خوف
ورجا پکارا کرتے تھے۔ یہ سنکر وہ لوگ اُٹھ کھڑے ہونگے
(بظاہر مطلب یہ ہے کہ یہ لوگ بلاحساب و کتاب جنت میں

بھیجدیے جائینگے) ان کے بعد تو اور لوگون کا حساب کیا جایگا" نیز دوسری حدیث مین مروی ہے کہ جنت عدن مین ایک درخت ہے جس سے ابلق گھوڑے ہی پیدا ہوتے ہین جن پر یاقوت وزبرجد کے زین ہونگے اور یہ گھوڑے پردار ہونگے۔ بول و براز نہ کرتے ہونگے انھین پر اولیاء اللہ سوار ہوکر جنت مین اڑتے پھرینگے دیگر اہل جنت اُن کو دیکھکر پکارینگے کہ اے ہمارے بھائیو تم نے ہمارے ساتھ انصاف نہین کیا کہ تم تو ایسے گھوڑون پر سوار ہو اور ہمارے پاس یہ سواری نہین) پھر خدا تعالیٰ سے عرض کرینگے۔ اے ہمارے پروردگار! یہ کرامت جلیلہ ان لوگون کو کس وجہ سے ملی اور ہمین نہ ملی تب ایک فرشتہ بُطنان عرش سے ندا کریگا کہ یہ لوگ تو نماز شب

چیوش ۱۳

پڑھا کرتے تھے اور تم راتون مین سویا کرتے تھے۔ یہ لوگ روزے رکھتے تھے اور تم کھانا کھاتے تھے۔ یہ لوگ اپنے مال کو لوجہ اللہ صدقہ مین دیتے تھے اور تم بخل کرتے تھے

منجملہ مناجات داؤدیہ کے ایک یہ بھی ہے کہ

پروردگار عالم نے فرمایا یا داؤد انہ من یصلی باللیل والناس نیام یرید بذلک وجھی فانی امرُ ملائکتی ان یستغفر والہ وتشتاق الیہ جنتی و یدعو لہ کل رطب ویابس" اے داؤد جو شخص شب کے وقت نماز پڑھتا ہے۔ درانحالیکہ لوگ سوتے ہون اور اس سے محض میری خوشنودی مطلوب ہو تو مین اپنے فرشتون کو حکم دیتا ہون کہ اُسکے واسطے استغفار کرین اور میرا بہشت اُس کا مشتاق ہوا۔ نیز ہر رطب و یابس اُسکے

لیے دعا کرتے ہیں۔ (ارشاد القلوب)

نیز جناب رسولِ خدا سے مروی ہے فرمایا "وہ مکان جس میں نماز شب پڑھی جاتی ہے اور قرآن کی تلاوت کی جاتی ہے وہ اہل آسمان کے نزدیک ایسا منور معلوم ہوتا ہے جیسے اہل زمین کو چمکتے ہوئے ستارے"

منجملہ مناجات موسویہ کے یہ بھی ہے کہ یَا ابْنَ عِمْرَانَ هَبْ لِیْ مِنْ عَیْنِکَ الدُّمُوْعَ وَمِنْ قَلْبِکَ الْخُشُوْعَ وَمِنْ بَدَنِکَ الْخُضُوْعَ ثُمَّ ادْعُنِیْ فِیْ ظُلَمِ اللَّیْلِ تَجِدْنِیْ قَرِیْبًا مُجِیْبًا یَا ابْنَ عِمْرَانَ کَذِبَ مَنْ زَعَمَ اَنْ یَقُوْلَ اِنَّهٗ یُحِبُّنِیْ وَاِذَا جَنَّهُ اللَّیْلُ نَامَ عَنِّیْ

اے عمران کے بیٹے "موسیٰ" تم مجھے اپنی آنکھوں کا آنسو اپنے قلب کا خشوع۔ اور اپنے جسم کا خضوع دو پھر مجھے

تاریکی شب مین پکارو تو اپنے سے قریب اور اپنی دعاؤن کا اجابت کرنے والا پاؤگے - اے عمران کے بیٹے جھوٹا ہے وہ شخص جو میری محبت کا دعوی کرتا ہے اور جب اندھیری رات ہوتی ہے تو میری طرف سے غافل ہوکر سو رہتا ہے[۱] نیز جناب صادق آل محمدؑ سے مروی ہے آپ نے فرمایا اِنَّ مِنْ رَّوْحِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ ثَلٰثَۃٌ اَلتَّھَجُّدُ بِاللَّیْلِ وَاِفْطَارُ الصَّائِمِ وَلِقَاءُ الْاِخْوَانِ (از من لایحضرہ الفقیہ) پروردگار عالم کی رحمت مین سے تین چیزین ہین ۱ نماز شب ۲ روزہ دار کا افطار ۳ آپسمین بھائیون کا ملنا اور باہم ملاقات کرنا۔

نیز۔ حدیث مین مروی ہے کہ جناب رسول خدا صلے اللہ

---

[۱] ارشاد القلوب دیلمی ۱۲۔

علیہ وآلہ نے فرمایا اَشرَفُ اُمَّتِی حَمَلَۃُ القُراٰنِ وَاَصحَابُ اللَّیلِ میری امت مین سب سے بہتر قرآن کے حاملین اور اور نماز شب کے پڑھنے والے ہین۔

نیز فرمایا اَلرَّکعَتَانِ فِی جَوفِ اللَّیلِ اَحَبُّ لِی مِنَ الدُّنیَا وَمَا فِیھَا۔ دو رکعتین شب کے وقت میرے نزدیک دنیا و ما فیہا سے زیادہ محبوب ہین۔ جناب امام موسی کاظم علیہ السلام سے مروی ہے کہ کسی نے جناب امام زین العابدین علیہ السلام سے عرض کی کہ کیا سبب ہے کہ نماز شب پڑھنے والون کے چہرے حسین نظر آتے ہین آپ نے فرمایا کہ خَلَوا بِاللّٰہِ فَکَسَاھُمُ اللّٰہُ مِن نُورِہٖ ازبسکہ ان لوگون نے شب کی تنہائی مین خدا کے ساتھ تخلیہ کیا اس وجہ سے پروردگارِ عالم نے اُن کو نور کا لباس پہنا دیا۔

نیز ایک حدیث کا محصل یہ ہے کہ رسولِ خدا نے فرمایا
کہ جس کسی مؤمن یا مؤمنہ کو رات کی نماز کی توفیق ملی اور
باخلاص اُس نے وضو کیا اور بہ نیت صادق رضاے
خدا کے لیے نماز پڑھی اس طرح کہ نیت بھی صادق تھی
قلب بھی سلیم تھا آنکھین بھی گریان تھین تو ایسے نمازی
کے لیے یہ اہتمام ہوتا ہے کہ اُس کے پیچھے سات صفین
فرشتون کی خداے تعالے کے حکم سے کھڑی ہوتی ہین ہر
صف مین اسقدر فرشتے ہوتے ہین جنکی تعداد سواے خدا
کے کسی کو نہین معلوم ایک سرا اُس صف کا مشرق مین ہوتا
ہے اور ایک مغرب مین جب وہ مومن یا مومنہ نمازِ شب سے
فراغ پا لیتے ہین تو خداے تعالے بقدر شمار اُن فرشتون
کے اُس کے لیے درجات تحریر فرما لیتا ہے۔

نیز حدیث مین ہے کہ آنحضرت نے فرمایا جناب ابراہیم کو خدائے تعالے نے صرف دو باتون سے خلیل بنایا ایک اطعام طعام۔ دوسری نماز شب کا ایسی حالت مین پڑھنا جب کہ سب لوگ سوتے ہون (وسائل الشیعہ)

نیز حدیث مین ہے کہ ایک شخص نے جناب صادق آل محمد سے اپنے احتیاج کی شکایت کی اور بحید مبالغہ کیا یہانتک کہ قریب تھا کہ اپنی بھوک کی بھی شکایت کرے تو حضرت نے فرمایا کہ تو نماز شب پڑھتا ہے؟ اُس نے عرض کی "ہان" جناب صادق علیہ السلام یہ سُن کر اصحابؓ کی طرف متوجہ ہوے اور فرمایا غلط کہتا ہے۔ وہ شخص جو یہ کہتا ہے کہ مین نماز شب پڑھتا ہون اور پھر بھی دن مین بھوکا رہتا

ہون"، مطلب یہ ہے کہ نماز شب روزی کو زیادہ کرتی ہے یہ ممکن نہین کہ کوئی شخص پابند نماز تہجد ہو اور پھر وہ محتاج اور دست نگر رہے حق بھی تو یہی ہے کہ جب بندہ محض اُسکی رضا کے واسطے اپنے جسم کو تعب مین ڈالتا اور راحت کو ترک کر کے اُس کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور اُسے ایسے وقت مین یاد کرتا ہے جب کہ عام طور پر خلائق اپنے خوابہائے غفلت مین پڑے سو رہے ہین تو کیا یہ ممکن ہے کہ وہ اپنے ایسے بندے کو بھول جائے اور جسمانی زحمت مین مبتلا کرے یہ امر اُس کی رافت و رحمت سے بہت بعید ہے۔

نیز ایک طولانی حدیث کے ذیل مین جناب سید المتہجدین

افضل العابدین خیر الساجدین والراکعین مولانا امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے مروی ہے آپ نے فرمایا مَنْ صَلّٰى سُدُسَ لَيْلَةٍ كُتِبَ فِي الْاَوَّابِيْنَ وَغُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَنْ صَلّٰى خُمُسَ لَيْلَةٍ زَاحَمَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلَ الرَّحْمٰنِ فِيْ قُبَّتِهٖ وَمَنْ صَلّٰى رُبُعَ لَيْلَةٍ كَانَ فِيْ اَوَّلِ الْفَائِزِيْنَ حَتّٰى يَمُرَّ عَلَى الصِّرَاطِ كَالرِّيْحِ الْعَاصِفِ وَيَدْخُلَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ وَمَنْ صَلّٰى ثُلُثَ لَيْلَةٍ لَمْ يَبْقَ مَلَكٌ اِلَّا غَبَطَهٗ بِمَنْزِلَتِهٖ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَقِيْلَ لَهُ ادْخُلْ مِنْ اَيِّ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ الثَّمَانِيَةِ شِئْتَ"

جو شخص رات کا ایک چھٹا حصہ نماز میں صرف کرے

تو وہ اوّابین مین لکھا جائیگا اور پروردگار عالم
اُس کے گذشتہ گناہون کو معاف کردے گا اور اگر
ایک پانچوان حصہ رات کا نماز تہجد مین صرف کرے تو
جناب ابراہیم خلیل الرحمان کے ساتھ اُن کے قبہ مین
رہیگا۔ اور جو کوئی چوتھائی حصہ رات کا نماز مین صرف
کرے تو اول فائزین (کے گروہ) مین ہوگا یہانتک
کہ صراط پر مثل تند ہوا کے گزرجائے گا۔ اور جو کوئی
تہائی حصہ رات کا نماز مین صرف کرے تو ہر فرشتہ
اُس پر رشک کھائے گا کہ اسے جو رتبہ خدا کی طرف
سے ملا ہے وہ ہمین حاصل نہین" (از من لایحضرہ الفقیہ)
نیز حدیث مین مروی ہے عَلَیْکُمْ بِصَلٰوۃِ اللَّیْلِ فَاِنَّھَا
سُنَّۃُ نَبِیِّکُمْ وَدَابُ الصَّالِحِیْنَ قَبْلَکُمْ وَمَطْرِدَۃٌ

الدَّاءِ عَنْ اَجْسَادِكُمْ" جناب صادق آل محمد نے فرمایا تم لوگ بالضرور نماز شب پڑھا کرو کہ یہ تمہارے نبی کی سنت ہے۔ تم سے پہلے گزرنے والے صالحین کا طریقہ ہے اور تمہارے جسموں سے مرض کو دفع کرنے والی ہے۔

نیز ابو زہرہ سے مرفوعاً[۱] مروی ہے کہ ابو عبد اللہ الصادق علیہ السّلام نے فرمایا "صَلٰوۃُ اللَّیْلِ تُبَیِّضُ الْوُجُوْہَ وَصَلٰوۃُ اللَّیْلِ تُطَیِّبُ الرِّیْحَ وَصَلٰوۃُ اللَّیْلِ تَجْلِبُ الرِّزْقَ" نماز شب چہرے کو نورانی کرتی ہے نماز شب جسم میں خوشبو پیدا کرتی ہے۔

---

[۱] احادیث کے اسما میں سے ایک نام مرفوع بھی ہے اور یہ وہ حدیث ہے جسمیں درمیان سے راوی کا نام نکال ڈالا گیا ہو اور بلا واسطہ رسول یا امام سے روایت بیان کی گئی ہو باوجودیکہ واسطہ موجود تھا ۱۲ منہ

نمازشب روزی کو کھینچ لاتی ہے۔

نیز ایک حدیث مین صادق آل محمدؐ نے فرمایا کہ مال و اولاد کو زینت حیوٰۃ دنیا ہین مگر (نمازشب) آٹھ رکعتین جنھین بندۂ مومن) آخر شب مین پڑھتا ہے زینت آخرت ہے" (**وسائل الشیعہ**)

اسی کے مقابل یہ ہے کہ اگر آدمی نمازشب نہین پڑھتا تو شیطان اُس کے کان مین پیشاب کرتا ہے دیکھو اس کی علامت یہ ہے کہ ایسا شخص جب نیند سے اُٹھتا ہے تو کسلمند۔ ثقیل اور بوجھل رہتا ہے (دیکھو من لایحضرہ الفقیہ اور وسائل الشیعہ)۔

نیز ابو عبد اللہ الصادق علیہ السلام نے فرمایا لَیْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ یُصَلِّ صَلٰوۃَ اللَّیْلِ جو شخص نمازشب

نہ پڑھے وہ ہم مین سے نہین ہے"

شیخ مفید رحمہ اللہ نے کتاب مقنع مین فرمایاہے کہ "امام علیہ السلام کی غرض یہ ہے کہ تارک نماز شب ہمارے مخلص شیعون مین سے نہین ہے۔ اور یہ کہ جو شخص فضیلت نماز شب کا منکر ہو وہ ہمارے مطلق شیعون مین سے نہین ہے"

ذیل مقدمہ نماز شب کا وقت نصف شب کے بعد ہے اس سے پہلے نماز شب کے پڑھنے مین کوئی فضیلت نہین ہے چنانچہ جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے آپ نے فرمایا "صَلٰوۃُ اللَّیْلِ مَا بَیْنَ نِصْفِ اللَّیْلِ اِلٰی اٰخِرِہٖ"، نماز شب کا وقت نصف شب سے لے کر آخر شب تک ہے۔"

نیز مروی ہے کہ جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ

بعد نصف شب کے تیرہ[۱] رکعتین پڑھا کرتے تھے (۱) (استبصار)

کسی نے جناب صادق علیہ السلام سے دریافت کیا ہے کہ اگر کوئی شخص آخر شب مین نہ اُٹھ سکے یہانتک کہ دسوان یا پندرھوان حصہ رات کا گذر جائے تو کیا ایسا شخص نصف شب سے پہلے نماز شب کو پڑھ سکتا ہے یا آپ کے نزدیک اُسکو قضا کرنی بہتر ہے۔ معصوم نے فرمایا۔ بلکہ وہ قضا کرے۔ یہی مجھے پسند ہے۔ مین مکروہ سمجھتا ہون (کہ اول شب مین نماز پڑھ لینے سے) اُسکو اسی کی عادت نہ ہو جائے (تو پھر ہمیشہ اول شب ہی مین پڑھا کرے گا حالانکہ وقت اُسکا آخر شب مین ہے۔"

---

[۱] ممکن ہے کہ تیرہ رکعت سے مراد گیارہ رکعتین نماز شب کی مع وتر کے اور دو رکعتین نافلہ صبح کی ہون جنکا مجموعہ ہوتا ہے۔ اور یہ ممکن ہے کہ ان تیرہ رکعتون مین دو دو رکعتین بھی شامل ہون جو نماز شب سے پہلے پڑھی جاتی ہین جیسا کہ بعض ائمہ علیہم السلام سے مروی ہے ۱۲ منہ

مگر ایسا ہو سکتا ہے۔ کہ بعض مواقع پر نصف کے پہلے بھی اسے پڑھ لیا جائے۔ مثلاً سفر مین ہو۔ یا سردی کا خوف ہو۔ یا کوئی مرض مانع ہو۔ یا شباب کی نیند پچھلے کو اُٹھنے سے مانع ہو تو مقدم کرنا جائز ہے۔ جیسا کہ احادیث اسپر شاہد اور فقہائے ملت حقہ نے تصریح فرما دی ہے۔ حلبی نے صادق آل محمد سے پوچھا ہے کہ نماز شب اور نماز وتر اول شب مین سفر کی حالت مین جبکہ خوف سرما ہو یا کوئی بیماری ہو پڑھی جا سکتی ہے آپ نے فرمایا "لَا بَاْسَ اَنَا اَفْعَلُ اِذَا تَخَوَّفْتُ" اس مین کچھ مضائقہ نہین!! مجھے بھی جب ایسا خوف ہوتا ہے تو پہلے ہی پڑھ لیتا ہون"۔

حاشیہ ذیل بعض احکام متعلق نماز شب کے بیان مین

مسئلہ اولی۔ نصف شب کے بعد اس نماز کو شروع کرے

تو افضل و بہتر ہے کیونکہ خدائے تعالیٰ فرماتا ہے وبالاسحار هم یستغفرون "اس آیت مین استغفار سے مراد استغفار نماز وتر ہے جسے سحر کے قریب واقع ہونا چاہیے۔ پس جبکہ اس استغفار کے اس وقت مین واقع ہونے کی مدح کی گئی تو معلوم ہوا کہ نماز شب ایسے وقت مین واقع ہونا بہتر ہے جس سے وتر کا استغفار سحر مین واقع ہو تو لامحالہ اس صورت مین نماز شب قریب سحر واقع ہونی چاہیے جس سے فضیلت کا درجہ حاصل ہو۔ **مسئلہ ثانیہ** اس نماز کو جس طرح نصف شب کے بعد پڑھنا چاہیے اُسی طرح صبح صادق سے پہلے ختم بھی کر دینا چاہیے۔ اور اگر خوف ہو کہ نماز شب مین مشغول ہونے سے صبح صادق ہوجائے گی تو چاہیے کہ صرف حمد پر اقتصار کرے اور جلد جلد پڑھے۔ جیسا کہ

عبداللہ بن سنان کے جواب مین صادقِ آلِ محمد نے فرمایا۔ اقرء الحمد واعجل اعجل،، اور اگر صبح طالع ہو گئی ہے تو پھر نماز فجر مین مشغول ہو نماز شب نہ پڑھے جیسا کہ اسماعیل بن جابر کے جواب مین فرمایا ہے جب کہ اُس نے دریافت کیا کہ اُوتِرُ بعدَ مَا یطلعُ الفجر تو آپ نے فرمایا لا یعنی نہ پڑھے،،

مسئلۂ ثالثہ اگر تنگ وقت مین آنکھ کھلی ہے اور نماز شروع کر دی تو اگر چار رکعت نماز شب پڑھنے کے بعد صبح ہو جائے تو بقیہ سات رکعتون کو بھی تمام کر دے اگرچہ بعد صبح صادق کے ہو اور اگر صرف دو ہی رکعتین پڑھی تھین کہ صبح ہو گئی تو اس نماز کو ترک کر کے نماز صبح

لہ کیا مین بعد سحر ہو جانے کے وتر کی نماز پڑھون؟ ۱۲۔

کو پڑھے اور نماز شب کو دوسرے وقت مین قضا کرے
مسئلہ رابعہ ہر نماز کو خواہ واجب ہو یا سنت
اکل و شرب باطل کر دیتا ہے الا نماز وتر کو مگر صرف اُس
شخص کے لیے اجازت ہے جسے صبح کو روزہ رکھنا مقصود
ہے اور پیاس بھی لگی ہے اور وہ نماز وتر مین مشغول ہو-
خوف ہے کہ اگر نماز کو تمام کرنے کے بعد پانی پیے گا
تو صبح صادق طالع ہو جائیگی تو اُسے اثنار نماز مین پانی
پی لینا جائز ہے مگر اس طرح کہ قبلہ سے انحراف نہ لازم
آئے- **(شرائع الاسلام وشرح لمعہ وغیرہ)**
مسئلہ خامسہ نماز شب کو جہر سے پڑھنا افضل ہے بلکہ
کل نوافل شب کو خواہ نافلۂ مغرب ہو خواہ نافلۂ عشا
اور یا نماز تہجد ہو سب کو جہر پڑھنا مستحب ہے جیسا کہ

شیخ طوسی رحمہ اللہ نے کتاب استبصار مین روایت فرمائی ہے کہ جناب ابو عبد اللہ علیہ السلام نے فرمایا «اَلسُّنَّةُ فِی صَلوٰةِ النَّهَارِ بِالْاِخْفَاءِ وَالسُّنَّةُ فِی صَلوٰةِ اللَّیْلِ بِالْاِجْهَارِ»

مسئلہ سادسہ جو شخص کسی سبب سے شب کو یہ نماز نہ پڑھ سکا ہو تو افضل ہی کہ دن کو اُسکی قضا کرے جناب سرور کائنات علیہ وعلی آلہ الاف التحیات نے فرمایا ہی کہ اگر بندۂ مومن نماز شب کی قضا دن مین کرتا ہے تو پروردگار عالم مباہات کرتا ہی اور فرماتا ہے «یَا مَلٰئِکَتِیْ اُنْظُرُوْا اِلٰی عَبْدِیْ یَقْضِیْ مَا لَمْ اَفْتَرِضْهُ عَلَیْهِ اُشْهِدُکُمْ اَنِّیْ قَدْ غَفَرْتُ لَهٗ» ای میرے فرشتو دیکھو میرے اس بندہ کو کہ اُس نماز کی بھی قضا کرتا ہی جسے مین نے اُسپر فرض نہین کیا ہی مین تمکو گواہ کرتا ہون کہ اسے مین نے بخشدیا" ای خوشا حال اُس بندے کا جسکے کسی فعل پر خود پروردگار عالم مباہات کرے۔

مسئلہ سابعہ اگر وقت کم ہو تو صرف سورۂ حمد پر ہر رکعت مین اکتفا کرے جیسا کہ دیگر نوافل مین بھی اکتفا بحمد جائز ہے مسئلہ ثامنہ اگر نماز شب مین طولانی سورہاے قرآنی پڑھنے مقصود ہون اور وہ سورے زبانی یاد نہ ہون تو قرآن مجید مین دیکھکر بھی پڑھ سکتا ہے۔ واجب نمازون مین یہ بات جائز نہین ہے۔

طرف حاشیۂ ذیل آداب نماز شب مین سے دو امور کا اہتمام رکھنا چاہیے ایک یہ کہ قبل نماز کے سواک کرے علامۂ مجلسیؒ نے حضرت صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جب نماز شب کے واسطے اُٹھو تو سواک کرو کیونکہ اُسوقت ایک فرشتہ آتا ہے جو تمھارے منھ پر منھ رکھتا ہے اور جو کچھ تم قرآن و دعا سے پڑھتے ہو وہ آسمان پر لیجاتا ہے تو چاہیے تمھارا منھ خوشبو ہو علی بن جعفر نے اپنے برادر بزرگوار جناب امام موسی کاظم علیہ السلام سے دریافت کیا کہ

آیا ہو سکتا ہے کہ نماز شب کیواسطے جو کوئی اُٹھے صرف اُنگلی سے ہی مسواک کرے اگرچہ اور کسی قسم کی مسواک کا حاصل کرنا ممکن ہو تو آپنے فرمایا کہ اگر یہ خوف ہو کہ صبح طالع ہو جائیگی (اگر لکڑی کی سواک تلاش کریگا یا اُس سے مسواک کرنے مین مصروف ہو گا) تو کوئی مضائقہ نہین ہے (حلیۃ المتقین) دوسرے اپنے تئین معطر کرنا۔ کیونکہ جناب صادقؑ نے فرمایا کہ دو رکعت نماز عطر مل کر پڑھنا بہتر ہی اُن ستر رکعتون سے جو بغیر تعطر کے پڑھی گئی ہون۔

باب نماز شب کے مطول و مختصر طریقوں کے بیان مین

کسی عبادت شرعیہ کیواسطے ادنیٰ۔ اوسط۔ یا اعلیٰ۔ کا نام شریعت کی طرف سے وضع نہین کیا گیا ہی۔ مگر ہمارے سمجھنے کے لیے یہ کہا جا سکتا ہی کہ ایک صورت عبادت کی تو یہ ہی کہ تمام آداب و شرائط اور لوازم کے ساتھ ادا کی جائے یہ عبادت کامل اور

اعلیٰ ہی- دوسری صورت یہ ہے کہ صرف بعض آداب و لوازم اُسکے
پورے کیے جائین- یہ عبادت بہ نسبت اوّل کے اوسط درجہ مین
ہی تیسری صورت یہ ہی کہ محض اس طرح ادا کی جائے کہ نام
ہی نام اُس عبادت کا صادق آئے یہ عبادت ناقص اور
ادنی درجہ کی ہے۔

شریعت نے یہ ضرور کیا ہی کہ ہر عبادت کو کئی کئی طرح سے
بتایا ہی کسیطرح مین زیادہ زحمت اور تاخیر ہی کوئی صورت ایسی
ہی کہ بلا زحمت اور بہت جلد ادا کی جاسکتی ہی اور غرض یہ بھی
ہی کہ ہر شخص اُس سے مستفید ہو سکے- بیمار بھی اُس سے فائدہ
اُٹھا سکے- صحیح بھی ضعیف بھی اُسکا ثواب پا سکے قوی بھی-
مستعجل بھی اپنے مقدور بھر کامیابی حاصل کرے اور متانی
بھی- غرض کوئی محروم نہ رہے- دیکھیے اپنی نماز پنجگانہ یومیہ کو

کہ بلحاظ اشخاص مختلفہ کتنی طرح سے پڑھی جا سکتی ہے۔ چاہیے تو محض واجب ہی پر اکتفا کیجیے چاہیے واجبات کے ساتھ بعض مستحبات کو بھی شامل کر لیجیے۔ چاہیے مستحبات کے ساتھ بعض آداب مخصوصہ بھی بجا لائیے۔ اور چاہیے کل آداب و شرائط و مسنونات و واجبات کے ساتھ ادا کیجیے۔ اگر اسطرح ادا کیجیے گا ثواب زیادہ ہوگا اگر محض واجبات ہی واجبات پر اکتفا کیجیے گا کم ثواب ہوگا۔ مگر فرض ادا ہو جائیگا اور تارک الصلوٰۃ کا صدق نہوگا یہی حال تقریباً کل عبادتوں کا ہے جنمیں نماز شب بھی ہے۔ کہ اسکو بھی کئی طرح پڑھ سکتے ہین۔ اسطرح بھی ہو سکتی ہے کہ ہر رکعت مین صرف سورۂ حمد پر اکتفا کیجائے جیسا کہ سابق مین بیان ہو چکا ہے۔ اسطرح بھی ہو سکتی ہے کہ سورۂ حمد کے ساتھ ایک ایک مرتبہ سورۂ قل ہو اللہ احد پڑھ لیا جائے۔ اور ہر دو

رکعت پر مختصر قنوت سے کام لیا جائے یون بھی اسے پڑھ سکتے ہین کہ سورۂ حمد کے ساتھ متعدد مرتبہ سورۂ توحید کو پڑھین رکوع و سجود مین طول دین۔ قنوت طولانی پڑھین دعائین جو حضرات معصومین سے مروی ہین اُن سب کی بھی تلاوت کرین۔ استغفار بہت زیادہ کرین۔

معلوم ہوا کہ جو کتب اعمال و کتب فقہ مین مختلف صورتین اس نماز کی لکھی ہین اُن کا منشا اختلاف نہین ہے بلکہ حسب حیثیت اشخاص ہین جسمین جتنی ہمت ہو جسقدر قوت ہو۔ جتنا وقت وسیع ہو۔ جیسا شوق ہو اُسی کے موافق اسے ادا کر سکتا ہے۔ کوئی چاہتا ہے کہ مین پندرہ ہی منٹ مین نماز شب پڑھ لون تو شارع نے اُسکی صورت بھی بتا دی ہے۔ کوئی چاہتا ہے کہ مین باطمینان تمام اپنے پیارے معبود اور محبوب سے راز گوئی کرون اور

بفراغ خاطر اپنا حال سناؤن جیسا کہ ہر عاشق کو اپنے عزیز
محبوب سے ایسے موقع کا ملنا مغتنم معلوم ہوتا ہی تو اُس کی صورت
بھی بتا دی ہی - گو کی متوسط درجے سے اسکا ثواب حاصل کرنا
چاہتا ہی تو شارع نے اُسکے لیے بھی راہ نکال دی ہی - غرض
اس بازار کا سودا ایسا آسان ہی کہ ہر کہ و مہ اُس سے مستفیض ہو سکتا
ہی - اور ایسا دشوار بھی ہی کہ سواے خالص بندگان خدا کے دوسرے
کے ہاتھ آ ہی نہین سکتا - یہ بندہ فیاض کی طرف سے بخل نہین
بل یداہ مبسوطتان ینفق کیف یشاء لینے والا ہونا چاہیے -
موتی لُٹ رہے ہین - باتون سے جواہرات ملتے ہین - چند
فقرون مین جنت کا ابدی مُلک ہاتھ آتا ہی مگر لوٹنے والا تو ہو -
جوہری تو آوے - خریدار تو موجود ہو - وقت ذرا نازک ہی میٹھی
میٹھی نیند اُٹھنے نہین دیتی - وہ نرم گدّون اور بسترون کا مزا

بیداری سے مانع ہے۔ پُرخوری کی تنجیر آنکھوں کو بند کیے دیتی ہے کسی دل پسند کی ہم آغوشی۔ محبوب حقیقی کے ساتھ تخلیہ کرنے سے روک رہی ہے۔ اگرچہ یہ عارضی ہے اور وہ ابدی مگر غفلت کا پردہ آنکھوں پر پڑا ہوا ہے۔ الناس نیام (لوگ ابھی سو رہے ہیں) اذا ماتوا انتبھوا (مرکر چیتیں گے) مرنے کے بعد اگر آنکھ کھلی بھی تو کیا فائدہ وقت تو آج ہے۔ جو کچھ ممکن ہوسکے لو پھر یہ وقت کہاں پھر یہ صحبت کہاں پھر یہ امکان کہاں آخر تو پچتانا ہی ہے

فانتبھوا ایھا الناس واغتنموا المھل قبل الاجل

چونکو اے سونے والو اور وقت مہلت غنیمت جانو قبل موت آنے کے

ولا تسوفوا فی العمل، بلیت ولعل، فان العمر

اور کام میں اسوقت اور اسوقت کیلئے دیر نکرو کیونکہ عمر

قصیر، والمھل یسیر، والسفر مدید، فاعدوا

کم ہے اور وقت تھوڑا ہے اور سفر طولانی ہے لہذا توشہ

الزاد، ودعوا الرقاد، واستانسوا برب العباد، فهاهو

مہیا کرو نیند کو چھوڑ دو اور اپنے رب سے محبت پیدا کرو آگاہ ہو کر وہ

واللہ اجل مقصد ومراد، والسلام علیکم و

قسم اللہ کی بہترین مقصود و مطلوب ہے اور سلامتی ہو تمہارے لیے اور

رحمۃ اللہ وبرکاتہ، وتحیاتہ ومرضاتہ،،
رحمت خدا کی اور برکتیں اوس کی اور تحفے اوس کے اور خوشنودیاں اوس کی

الغرض بیان سابق سے اسقدر معلوم ہوا کہ نماز شب
کو کئی طرح سے ادا کر سکتے ہیں مختصر سے مختصر صورت بھی ہے اور طولانی
سے طولانی بھی میں اس رسالہ میں اُن سب صورتوں کو انشاء اللہ
مفصلاً لکھدونگا جس سے ہر شخص حسب اتساع وقت و امکان و قوت
فائدہ اُٹھا سکے اور کوئی محروم نہ رہے۔

پہلی صورت نماز شب گیارہ رکعتیں ہیں۔ ہر دو رکعت
پر سلام ہے اور قنوت سوائے شفع کے کہ اُسکی دوسری رکعت

مین قنوت نہین ہی۔ اور سوا ے وتر کے کہ یہ ایک ہی رکعت ہے

پس صورت یہ ہی کہ وضوے کامل کے بعد مصلے پر جائے

نیت کرے کہ نماز شب پڑھتا ہون قربۃً الی اللہ پھر تکبیرۃ الاحرام

کہے اور سورہ الحمد کے بعد سورہ قل ھو اللہ احد پڑھکر رکعت

کو تمام کرے اور دوسری رکعت مین سورہ الحمد اور سورہ قل

یا ایھا الکافرون باقی چھ رکعتون مین بعد الحمد کے جو سورہ

چاہے پڑھے چھوٹا ہو یا بڑا۔ (من لا یحضرہ الفقیہ)

یہ آٹھ رکعتین تو نماز شب کے نافلہ کی ہوئین انکے بعد نماز شفع کی دو

رکعتین پڑھے اور دونون رکعتون مین بعد الحمد کے سورہ قل

ھو اللہ احد پڑھے اور سلام پر تمام کرے پھر ایک رکعت

نماز وتر پڑھے اسمین بھی بعد الحمد کے سورہ قل ھو اللہ احد

اُسکے بعد کوئی مختصر سا قنوت مثلاً اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا

لہ صلوٰۃ الاحکام مین ملا محسن [illegible] نے اس مین بھی قنوت نقل کیا ہے

وَارْحَمْنَا وَعَافِنَا وَاعْفُ عَنَّا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، اور ستر مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ

وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ۔ اور چالیس مومنون کے لیے دعا مثلاً اسطرح کرے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِفُلَانٍ وَفُلَانٍ نام بنام ہر شخص

کا ذکر کرے۔ پھر رکوع وسجدہ وتشہد وسلام بحسب معمول کرکے

نماز کو تمام کرے۔ (ماخذ اس صورت کا کتاب من لا یحضرہ الفقیہ

ہی جو جناب صدوق علیہ الرحمہ کے مولفات مین سے ہی)

دوسری صورت نماز شب کی آٹھ رکعتون مین سے

پہلی رکعت مین بعد الحمد کے تیس مرتبہ قل ھو اللہ احد اور

دوسری رکعت مین بعد الحمد کے ایک مرتبہ سورہ قُلْ يَا اَيُّهَا

الْكَافِرُوْنَ پڑھے باقی چھ رکعتون مین بعد سورہ حمد کے جو

سورہ چاہے پڑھے اور شفع کی دو رکعتون مین سے اول مین

بعد الحمد کے قل اعوذ برب الفلق اور دوسری مین بعد الحمد
کے قل اعوذ برب الناس ایک ایک مرتبہ پڑھے۔ اس کے
بعد یہ دعا پڑھے۔ اِلٰهِیْ تَعَرَّضَ لَکَ فِیْ هٰذَا اللَّیْلِ
خدایا کوشش کی ہے تیرے احسان طلب کرنیکی اس رات مین
الْمُتَعَرِّضُوْنَ وَقَصَدَکَ فِیْهِ الْقَاصِدُوْنَ وَاَمَّلَ
کوشش کرنے والون نے اور متوجہ ہوے ہین تیری طرف اس رات مین توجہ کرنیوالے اور امیدوار
فَضْلَکَ وَمَعْرُوْفَکَ الطَّالِبُوْنَ وَلَکَ فِیْ هٰذَا
ہین تیرے فضل واحسان کے طلبگار اُسکے اور تیری طرف سے اس
اللَّیْلِ نَفَحَاتٌ وَجَوَائِزُ وَعَطَایَا وَمَوَاهِبُ تَمُنُّ
رات مین راحتین اور عطائین اور بخششین اور عنایتین ہین کرم کی
بِهَا عَلٰی مَنْ تَشَاۗءُ مِنْ عِبَادِکَ وَتَمْنَعُهَا مَنْ
بخشش کرتا ہے جسکو تو چاہتا ہے اپنے بندون سے اور روک دیتا ہے اُس سے

لَمْ تَسْبِقْ لَهُ الْعِنَايَةُ مِنْكَ وَهَا اَنَا ذَا عَبْدُكَ

جسکے اوپر تیری مہر نہیں ہوتے اور حاضر ہے یہ بندہ تیرا

الْفَقِيْرُ اِلَيْكَ الْمُؤَمِّلُ فَضْلَكَ وَمَعْرُوْفَكَ

جو محتاج ہے تیرا اور تیرے فضل و کرم کا امیدوار ہے

فَاِنْ كُنْتَ يَا مَوْلَايَ تَفَضَّلْتَ فِيْ هٰذِهِ

پس اگر اے مالک تونے کسی اپنے بندہ پر اس رات میں

اللَّيْلَةِ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ وَعُدْتَ عَلَيْهِ

مہربانی کی ہے اور کسی کے لیے اپنی نعمت مہیا کی

بِعَائِدَةٍ مِنْ عَطْفِكَ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ

ہے اپنے فضل سے تو رحمت نازل کر محمد و آل محمد پر جو پاک

الطَّاهِرِيْنَ الْخَيِّرِيْنَ الْفَاضِلِيْنَ وَجُدْ عَلَيَّ بِطَوْلِكَ

و پاکیزہ اور بہترین خلق اور ممتاز ہیں اور دے مجھے اپنی عطا

وَمَغْفِرَتِکَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتِمِ

وکرم سے اے مالک اور رحمت نازل کر محمد خاتم

النَّبِیِّیْنَ وَاٰلِہِ الطَّاہِرِیْنَ الَّذِیْنَ اَذْہَبَ اللّٰہُ عَنْہُمُ

المرسلین اور انکی آل طاہرین پر ایسی آل جنسے ہر عیب نجاست کو

الرِّجْسَ وَطَہَّرَہُمْ تَطْہِیْرًا اِنَّ اللّٰہَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰہُمَّ

دور کیا اور جیسا حق طہارت تھا پاک کر دیا اسلیے کہ خدا صاحب حمد وبزرگی ہے خدایا

اِنِّیْ اَدْعُوْکَ کَمَا اَمَرْتَ فَاسْتَجِبْ لِیْ کَمَا وَعَدْتَّ

مین پکارتا ہون تجھے جسطرح تونے حکم دیا پس قبول بھی کرلے میرے حق جسطرح تونے وعدہ کیا

اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ۞ اس کے بعد نماز وتر پڑھے جسمین

اسلیے کہ تو وعدہ خلاف نہین ہے

بعد الحمد کے تین مرتبہ سورہ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اور ایک ایک

مرتبہ قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھے

پھر قنوت کی دعا پڑھے اُسکے بعد ستر مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ

وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ۔ اور چالیس مومن یا زیادہ کے لیے دعاے

مغفرت اُسکے بعد یہ دعا پڑھے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ

مغفرت چاہتا ہون اس خدا سے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ بِجَمِیْعِ ظُلْمِیْ وَجُرْمِیْ وَ

کہ اسکے سوا کوئی خدا نہین جو حی و قیوم ہے اپنے نفس پر ظلم اور جرم اور

اِسْرَافِیْ عَلٰی نَفْسِیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ پھر یہ دعا پڑھے

نفس پر زیادتی سے اور توبہ کرتا ہون اوسی طرف

رَبِّ اَسَاْتُ وَظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَبِئْسَ مَا صَنَعْتُ وَ

پروردگار مین نے نافرمانی کی اور اپنے اوپر ظلم کیا اور گیاہی بُرا کیا مین نے اب

هٰذِهٖ یَدَایَ یَا رَبِّ جَزَآءً بِمَا کَسَبَتْ وَهٰذِهٖ رَقَبَتِیْ

یہ ہاتھ میرے اسکی پاداش کے لیے حاضر ہین اور یہ گردن

خَاضِعَةٌ لِمَا اَتَيْتُ وَهَا اَنَا ذَا بَيْنَ يَدَيْكَ

اس جرم مین جھکی ہے اور مین تیرے سامنے حاضر ہون

فَخُذْ لِنَفْسِكَ مِنْ نَفْسِي الرِّضٰى حَتّٰى تَرْضٰى لَكَ

لہذا اپنی رضا مجھسے حاصل کرلے تاکہ یہ مواخذہ تجھکو مجھ سے

الْعُتْبٰى لَا اَعُوْدُ بعد اسکے اَلْعَفْوَ اَلْعَفْوَ تین سو

راضی کردے اور مین پلٹ نہ سکون

مرتبہ اور بعد ازان یہ دعا رَبِّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَتُبْ

خدایا مجھے بخشدے اور رحم کر اور توبہ

عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ بعد اس کے رکوع

قبول کرلے تو بڑا قبول کرنیوالا اور رحم کرنے والا ہے

وسجدہ وتشہد وسلام پڑھکے نماز کو تمام کرے اسکے بعد

دو رکعت نافلۂ صبح پڑھے۔ اور وقت داخل ہونے کے بعد

نماز واجبی صبح ادا کرے!! (ماخذ جامع عباسی)

تیسری صورت یہ کہ پہلی رکعت مین بعد الحمد کے تیس مرتبہ قل ھو اللہ احد اور دوسری رکعت مین بھی بعد الحمد کے تیس مرتبہ قل ھو اللہ احد۔ (من لا یحضر) باقی صورتین اور ترکیبین بدستور سابق۔

چوتھی صورت پہلی رکعت مین بعد الحمد کے تیس مرتبہ قل ھو اللہ احد دوسری رکعت مین بعد الحمد سورۂ قُلْ یَا اَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ تیس مرتبہ (از شیخ مفید رح) باقی صورتین بدستور سابق۔

پانچوین صورت یہ کہ جب نیند سے بیدار ہو تو پہلے یہ یہ دعا پڑھے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانِیْ بَعْدَ مَا اَمَاتَنِیْ

شکر خدا کا جسنے مجھے بعد موت دینے کے زندہ کر دیا

وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ رَدَّ رُوْحِیْ لِاَحْمَدَهٗ

اور اُسی کی طرف رجوع ہے حمد اُس خدا کی جسنے میری روح پلٹا دی کہ اُس کی حمد

وَاَشْکُرَهٗ وَاَعْبُدَهٗ اور جب وضو کر چکے اور نماز کے لیے

و شکر و عبادت کرون آمادہ ہو تو یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ

پروردگار مین متوجہ ہون تیری طرف واسطے سے تیرے نبی رحمت

وَاٰلِهٖ وَاُقَدِّمُهُمْ بَيْنَ يَدَیْ حَوَائِجِیْ فَاجْعَلْنِیْ

اور اُنکی آل کے اور اُنکو اپنی حاجتون کا ذریعہ کرتا ہون توانکے وسیلہ سے

بِهِمْ وَجِيْهًا فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ

مجھے دنیا اور آخرت مین باعزت کر اور اپنے قرب ڈھونڈھنے والے

الْمُقَرَّبِيْنَ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ بِهِمْ وَلَا تُعَذِّبْنِیْ بِهِمْ

بندو مین گردان خدایا رحم کر مجھپر انھین کے ذریعہ سے اور انکے سبب سے مجھپر عذاب کر

وَاهْدِنِي بِهِمْ وَلَا تُضِلَّنِي بِهِمْ وَارْزُقْنِي بِهِمْ

اور انھیں کے سبب سے ہدایت دے اور انھیں کے واسطے سے مجھے ذلیل نکر اور انھیں کے سبب سے رزق دے

وَلَا تَحْرِمْنِي بِهِمْ وَاقْضِ لِي حَوَائِجَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

اور محروم نہ رکھ ان سے اور میری دنیوی اور اخروی حاجتیں بر لا

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَبِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ اسکے

تو یقیناً ہر چیز پر قادر ہے اور ہر چیز کا عالم ہے

بعد کھڑے ہو کر چھ تکبیریں کہتی جنکو تکبیرات افتتاحیہ بھی کہتے ہین

اس طرح کہے کہ پہلے تین تکبیروں کے بعد یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

یا اللہ تو سلطان حق ظاہر ہے نہین ہر کوئی اللہ سوا تیرے

سُبْحَانَكَ اِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي ذُنُوْبِي اِنَّهٗ

پاک ہے تو مالک مینے اپنے نفس پر ظلم کیا پس تو میرے گناہوں کو بخشدے اسلیے

لَا یَغْفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّا اَنْتَ

کہ نہیں بخشتا ہے گناہوں کو مگر تو پھر دو تکبیریں کہے اور یہ دعا پڑھے

لَبَّیْکَ وَسَعْدَیْکَ، وَالْخَیْرُ فِی یَدَیْکَ، وَالشَّرُّ لَیْسَ

میں حاضر موجود ہوں اور خیر تیرے اختیار میں ہے اور شر تیری طرف سے

اِلَیْکَ، وَالْمَهْدِیُّ مَنْ هَدَیْتَ، عَبْدُکَ وَابْنُ

نہیں ہے راہ ہدایت پہ وہی ہے جسکو تونے ہدایت کی میں تیرا بندہ اور تیرے

عَبْدَیْکَ، ذَلِیْلٌ بَیْنَ یَدَیْکَ مِنْکَ وَبِکَ وَلَکَ

دو بندوں کا فرزند ہوں عاجزی سے تیرے سامنے حاضر ہوں میری ہستی تیری طرف سے اور تیرے سبب سے اور تیرے لیے

وَاِلَیْکَ، لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجیٰ وَلَا مَفَرَّ وَلَا مَهْرَبَ

اور تیری طرف ہے کوئی پناہ اور نجات نہ ہو اور محل فرار و مقام گریز

مِنْکَ اِلَّا اِلَیْکَ، سُبْحَانَکَ وَحَنَانَیْکَ، تَبَارَکْتَ

تجھ سے نہیں ہے مگر تیری ہی طرف منزہ ہے تو اپنی رحمت ظاہر و باطن کے ساتھ بزرگ

وَتَعَالَيْتَ، سُبْحَانَكَ رَبَّنَا وَرَبَّ الْبَيْتِ الْحَرَامِ،

دبرتر ہی تو پاک ہی تو اے پروردگار میرے اور مالک خانۂ کعبہ کے

اسکے بعد دو تکبیریں کہے اور یہ دعا پڑھے۔

وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ عَالِمِ

متوجہ کیا میں نے اپنے تئیں اسکی طرف جسنے آسمانوں اور زمین کو خلق کیا جاننے والا

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ عَلٰى مِلَّةِ اِبْرَاهِيْمَ وَدِيْنِ مُحَمَّدٍ

باطن و ظاہر کا ہے طریق حضرت ابراہیم پر اور دین محمد پر

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَمِنْهَاجِ عَلِيٍّ صَلَوَاتُ اللّٰهِ

رحمت ہو خدا کی اونپر اور انکی آل پر اور راہ علی پر

حَنِيْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ

جو طریق مستقیم ہے اور میں شرک کرنیوالا نہیں ہوں میری

صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ

نماز اور میری عبادتیں اور زندگی اور موت خدا کیلیے ہے جو رب

الْعَالَمِيْنَ لَاشَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ

عالمین ہے کوئی اُسکا شریک نہین اُسی کے ساتھ مین مامور ہون

وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

اور مین تسلیم کرتا ہون

واضح ہو کہ یہ کُل سات تکبیرین ہوئین جن مین سے چھ تو سنتی تکبیرین ہین اور ایک تکبیرۃ الاحرام ہے ان ساتون مین سے جسکو چاہے بقصد تکبیرۃ الاحرام کہلے کافی ہوگی) اب حمد وسورہ شروع کرے پہلی رکعت مین بعد سورہ حمد کے تیس ۳۰ مرتبہ قل ھو اللہ احدٌ اور دوسری رکعت مین بھی بعد الحمد کے تیس ۳۰ مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھے اور بہتر ہے کہ ہر مرتبہ کذٰلِکَ اللہ ربّی بھی کہے اور اگر نہ ممکن ہو تو آخر ہی مین کہے بعد ختم سورہ یہ قنوت پڑھے

اِلٰهِیْ کَیْفَ اَدْعُوْكَ وَقَدْ عَصَیْتُكَ وَکَیْفَ لَا اَدْعُوْكَ

خدایا میں کیونکر مانگوں جبکہ تیری نافرمانی کی ہے اور کیونکر نہ مانگوں

وَقَدْ عَرَفْتُ حُبَّكَ فِیْ قَلْبِیْ وَاِنْ کُنْتُ عَاصِیًا

حالانکہ تیری محبت میرے دل میں ہے جانتا ہوں اگرچہ میں گنہگار رہوں

مَدَدْتُ اِلَیْكَ یَدِیْ بِالذُّنُوْبِ مَمْلُوَّۃً وَعَیْنًا بِالرَّجَاءِ

تیری طرف گناہوں سے بھرے ہوئے ہاتھوں کو بڑھایا ہے اور امید کے ساتھ

مَمْدُوْدَۃً مَوْلَایَ اَنْتَ عَظِیْمُ الْعُظَمَاءِ وَاَنَا اَسِیْرُ

نظر تیری طرف بڑھی ہے اے مالک تو سب بڑوں سے بڑا ہے اور میں سب سے زیادہ

الْاُسَرَاءِ اَنَا الْاَسِیْرُ بِذَنْبِیْ الْمُرْتَهِنُ بِجُرْمِیْ اِلٰهِیْ لَئِنْ طَالَبْتَنِیْ

قیدی ہوں میں اپنے گناہوں میں گرفتار اور جرم میں گروی ہوں خدایا اگر تو میری معاصی سے

بِذُنُوْبِیْ لَاُطَالِبَنَّكَ بِعَفْوِكَ وَلَئِنْ طَالَبْتَنِیْ بِجَرِیْرَتِیْ لَاُطَالِبَنَّكَ

مطالبہ کریگا تو میں تیری درگذر چاہونگا اور اگر میرے گناہ کا مواخذہ کریگا تو میں تیرے

بِكَرَمِكَ وَلَئِنْ اَمَرْتَ بِيْ اِلَى النَّارِ لَاُخْبِرَنَّ اَهْلَهَا اَنِّيْ كُنْتُ

کرم کو جانونگا اور اگر میرے لیے جہنم کا حکم دیگا تو مین اہل جہنم سے کہونگا کہ مین

اَقُوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنَّ

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہتا تھا ای معبود یقینا

الطَّاعَةَ تَسُرُّكَ وَالْمَعْصِيَةَ لَا تَضُرُّكَ فَهَبْ لِيْ

اطاعت تجھے خوش کرتی ہے اور گناہ تیرا ضرر نہین کرتا لہذا مجھے وہی دے

مَا يَسُرُّكَ وَاغْفِرْ لِيْ مَا لَا يَضُرُّكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

جو تجھے خوش کرے اور جو تجھے ضرر نہین کرتا اُسے بخشدے ای بڑے رحم کرنیوالے

پھر رکوع اور سجدہ کرکے تشہد و سلام پر نماز تمام کرے۔ اسکے بعد دو دو رکعتین کرکے چھ رکعتین اور پڑھے اور ہر دو رکعت کے بعد یہ دعا پڑھے جسے جناب امیر المومنین علیہ السلام پڑھا کرتے تھے۔ (کما فی مختصر مصباح الکفعمی)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحُرْمَةِ مَنْ عَاذَ بِكَ وَلَجَاءَ

پروردگار میں تجھسے اُسکے واسطے سے سوال کرتا ہون جسنے تیری طرف پناہ لی دیتری

اِلٰی عِزِّكَ وَاسْتَظَلَّ بِفَیْئِكَ وَاعْتَصَمَ بِحَبْلِكَ وَلَمْ

عزت کیطرف اور تیری رحمت کے سایہ مین آگیا اور تیری امان مین آگیا اور

یَثِقْ اِلَّا بِكَ یَا جَزِیْلَ الْعَطَایَا یَا مُطْلِقَ الْاُسَارٰی

تجھی پر بھروسہ کرلیا اے کثیر العطا اے آزاد کرنیوالے قیدیون کے

یَا مَنْ سَمّٰی نَفْسَهٗ مِنْ جُوْدِهٖ وَهَّابًا اَدْعُوْكَ

اے وہ کہ جسنے کثرت کرم سے اپنا نام وہاب رکھا مانگتا ہون میں تجھسے

رَاغِبًا وَرَاهِبًا وَخَوْفًا وَطَمَعًا وَاِلْحَاحًا وَاِلْحَافًا

رغبت کرکے اور ڈرکے اور خوف سے اور لالچ سے اور بھرا سے اور گڑگڑا کے

وَتَضَرُّعًا وَتَمَلُّقًا وَقَائِمًا وَقَاعِدًا وَرَاكِعًا وَسَاجِدًا وَ

اور عاجزی سے اور خوشامد سے اور قیام وقعود اور رکوع وسجود مین اور

رَاكِبًا وَمَاشِيًا وَذَاهِبًا وَجَائِيًا وَفِي كُلِّ حَالَاتِي

سوار و پیادہ ہونے مین اور جانے اور آنے مین اور اپنے ہر حال مین

اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

چاہتا ہون تجھ سے کہ رحمت نازل کر محمد و آل محمد پ

اور اپنے حاجات خداے تعالے کی جناب مین عرض کرے۔

نیز بعد ہر دو رکعت کے ان آٹھ رکعتون مین سے یہ دعا بھی پڑھے اگر فرصت ہو اور وقت وسعت رکھتا ہو۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ وَلَمْ يُسْئَلْ مِثْلُكَ وَاَنْتَ

خدایا تجھ سے سوال کرتا ہون اور کسی سے سوال نہین کیا گیا جبکہ تو

مَوْضِعُ مَسْئَلَةِ السَّائِلِيْنَ وَمُنْتَهٰى رَغْبَةِ

محل ہے سوال کا سوال کرنے والون کے اور انتہا ہر توجہ کی

الرَّاغِبِيْنَ اَدْعُوْكَ وَلَمْ يُدْعَ مِثْلُكَ وَاَرْغَبُ اِلَيْكَ

رغبت کرنیوالوں کے تجھسے مانگتا ہوں اور تیرے غیر سے سوال نہیں کیا اور تیری طرف رغبت میں

وَلَمْ يُرْغَبْ اِلٰى مِثْلِكَ وَاَنْتَ مُجِيْبُ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ

اور تیری غیر کیطرف رغبت نہیں کی جبکہ تو ہی دعا مجبوروں کی قبول کرتا ہے

وَاَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ اَسْئَلُكَ بِاَفْضَلِ الْمَسَائِلِ وَاَنْجَحِهَا

اور بڑا رحیم ہے سوال کرتا ہوں بہترین خواہش اور زیادہ برلانیوالی حاجت

وَاَعْظَمِهَا يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ وَبِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى

اور سب سے بڑی چیز سے اے اللہ اے رحمن اے رحیم اور تیرے اسماء حسنی

وَاَمْثَالِكَ الْعُلْيَا وَنِعَمِكَ الَّتِيْ لَا تُحْصٰى وَبِاَكْرَمِ

اور کلمات بزرگ و نعمتہائے غیر محدود کے ذریعہ سے اور تیرے بزرگترین

اَسْمَائِكَ عَلَيْكَ وَاَحَبِّهَا اِلَيْكَ وَاَقْرَبِهَا مِنْكَ وَسِيْلَةً

ناموں اور محبوب ترین ناموں کے ذریعہ سے اور جو تجھ سے ذریعہ ہونے میں نزدیک

وَاَشْرَفِهَا عِنْدَكَ مَنْزِلَةً وَاَجْزَلِهَا لَدَيْكَ ثَوَابًا وَ

اور منزلت میں تیرے نزدیک بزرگ تر اور تیرے نزدیک ثواب میں کثیر اور

اَسْرَعِهَا فِي الْاُمُوْرِ اِجَابَةً وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْمَكْنُوْنِ

قبولیت امور میں سریع ہیں اور سوال کرتا ہوں میں تیرے اس نام کے ذریعہ سے جو پوشیدہ

الْمَخْزُوْنِ الْاَكْبَرِ الْاَعَزِّ الْاَجَلِّ الْاَعْظَمِ الْاَكْرَمِ الَّذِيْ

اور اسم اعظم ہے جلیل تر ہے عظیم تر ہے بزرگتر ہے وہ نام

تُحِبُّهٗ وَتَهْوَاهُ وَتَرْضٰى بِهٖ عَمَّنْ دَعَاكَ بِهٖ فَاسْتَجَبْتَ لَهٗ

جسے تو درست رکھتا ہے اور پسند کرتا ہے اور دعا کرنیوالے سے راضی ہوتا ہے اور دعا کو قبول کر لیتا ہے

دُعَائَهٗ وَحَقٌّ عَلَيْكَ اَنْ لَا تَحْرِمَ سَائِلَكَ وَلَا تَرُدَّهٗ

